TATA PAKISTAN Island Textile Mills Limited

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ **آئی لینڈ ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ** کے حصص یافتگان کا **51 واں سالانہ اجلاس عام بروز بدھ 26 اکتوبر 2020ء کو دوپہر 02:30 بجے پانچویں منزل ٹیکسٹائل پلازہ ایم اے جناح روڈ کراچی** پر مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا۔

عمومی امور

1- مورخہ 24 ستمبر 2020ء کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے گزشتہ سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے آئندہ سال کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین ۔ سبکدوش ہونے والے موجودہ آڈیٹرز میسرز ڈیلویٹ یوسف عادل چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تعیناتی کی پیشکش کی ہے۔

خصوصی امور

عمومی قرارداد:

4- مندرجہ ذیل عمومی قراردادوں پر غور وخوض اور منظوری:

الف)" قرار پایا کہ 30 جون 2020ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے نوٹ نمبر 37 میں منکشف ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ معمول کے مطابق کاروباری لین دین کی توثیق اور منظوری"۔

ب)" قرار پایا کہ 30 جون 2021ء کو مکمل ہونے والے سال کے دوران معمول کے مطابق ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں کے ساتھ کاروبار میں انجام دی جانے والی تمام لین دین اور متوقع لین دین کی منظوری کا اختیار کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو دیا جاتا ہے اور اس ضمن میں تمام ضروری اقدامات/دستخط/تمام دستاویزات کی تیاری اور کمپنی کی جانب سے تمام لازمی انڈیمنٹیز کا اختیار کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو دیا جاتا ہے۔

5- چیئرمین کی منظوری سے امور یا کسی دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 134(3) کے تحت خصوصی امور پر مبنی گوشوارہ نوٹس ہذا کے ہمراہ ممبران کو ارسال کیا جارہا ہے۔

بحکم بورڈ آف ڈائریکٹرز
محمد حسین
کمپنی سیکریٹری

کراچی: 05 اکتوبر 2020ء

نوٹس:

1- حصص منتقلی کتب کی بندش

ممبر کارجسٹر اور کمپنی کی حصص منتقلی کتب 19 اکتوبر 2020ء تا 26 اکتوبر 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی پر 16 اکتوبر 2020ء کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2- سالانہ اجلاس عام میں الیکٹرانکلی شرکت اور پراکسیوں کی تقرری:

(i). COVID-19 کی موجودہ صورتحال کے پیش نظر ممبران کو ویڈیو لنک یا پراکسی کے ذریعہ اپنی حاضری یقینی بنا کر سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعہ سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہش مند حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنی تفصیلات (نام، فولیو نمبر، سیل نمبر اور ای میل ایڈریس) نامزدگی۔ میل ایڈریس (itm.corporate@tatapakistan.com) پر بھیج کر رجسٹریشن کروائیں۔ ویڈیو لنک اور لاگ ان کی اسناد صرف ان ممبران کے ساتھ شیئر کی جائیں گی جن کی ای میلز، بشمول مطلوبہ تفصیلات سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

(ii). اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کے لئے دوسرے فرد کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پروکسی کی تقرری کے دستاویزات دستخط اور مہر کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہو جانے چاہئیں۔

(iii). شرکت اور رائے دہی کے اہل سی ڈی سی کے انفرادی ممبران کو اپنی شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ ہمراہ لانا اور پروکسی کی صورت میں سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونی چاہیے۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ پیش کرنا ہوگا۔

3- پتہ میں تبدیلی (اگر ہو تو)

ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی، زکوٰۃ ڈکلریشن (CZ-50)، اور ٹیکس ایگزیمشن سرٹیفکیٹ (اگر ہو تو) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ کو فوری مطلع کریں۔

4- نقد منافع منقسمہ کی الیکٹرانکلی ادائیگی (لازمی)

ممبران سے ہمارے ریکارڈ کے اپڈیٹ کے لئے اپنا انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کے ساتھ فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ جمع نہ کرانے کی صورت میں مستقبل کی تمام منافع منقسمہ ادائیگیاں روک لی جائیں گی۔

5- سی این آئی سی/این ٹی این

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے مندرجات کے مطابق زکوٰۃ اور ٹیکس سرٹیفکیٹ میں درج کردہ سی این آئی سی/این ٹی این لازمی درکار ہے۔ لہٰذا ممبران سے درخواست کی جاتی ہے وہ اپنی فعال سی این آئی سی کی کاپی کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ کو (اگر پہلے فراہم نہ کی ہو) جمع کرادیں۔

6- غیر دعوئی شدہ ڈیویڈنڈز اور بونس شیئرز

حصص یافتگان جنہوں نے کسی بھی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ یا بونس شیئرز کلیم نہیں کر سکے یا اپنا فزیکل شیئر وصول نہیں کیا ہے کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنا غیر دعوئی شدہ ڈیویڈنڈ یا پینڈنگ شیئرز اگر کوئی ہو، کی وصولی/معلومات کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ سے رجوع کریں۔ براہ کرم نوٹ فرمالیں کہ کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 244 کی تعمیل میں مقررہ کارروائی کی تکمیل کے بعد ادائیگی کی تاریخ سے تین (3) سال کی مدت کے لئے تمام غیر دعوئی شدہ ڈیویڈنڈز وفاقی حکومت کو جمع کرادئے جائیں گے اور حصص کی صورت میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کو ارسال کردئے جائینگے۔

7- ای وو ٹنگ:

ممبران کمپنی ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز مجریہ 2018ء کی قابل اطلاق شقوں کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اپنی رائے دہی کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

8- ویڈیو کانفرنس

ایس ای سی پی سرکلر نمبر 10 مجریہ 2014ء بتاریخ 21 مئی، 2014ء کے تحت ایک جغرافیائی مقام پر مقیم دس فیصد یا زائد ممبران اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کا عندیہ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم دس دن قبل موصول ہونے پر کمپنی متعلقہ شہر میں اس سہولت کی دستیابی کی بنیاد پر انہیں ویڈیو کانفرنس کی سہولت فراہم کرنے کا اہتمام کرے گی۔ اس سہولت کو حاصل کرنے کے لئے براہ کرم کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس یعنی میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، شاہراہ فیصل، کراچی PABX نمبر 111-111-200 (9221+) اور ای میل info@cdcpak.com کو معلومات فراہم کریں۔

9- سالانہ آڈٹ شدہ مالی حسابات کی بذریعہ ای میل/سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی یاد گار اندراج میں ترسیل

ایس ای سی پی نے اپنے ایس آر او 470(1)2016 بتاریخ 31 مئی 2016ء کے ذریعے کمپنیز کو اپنے ممبران کو سالانہ رپورٹس اپنے رجسٹرڈ پتوں پر سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے بھیجنے کی اجازت دی ہے۔ سالانہ رپورٹ 2020 کی طباعت شدہ کاپی کا مطالبہ کرنے والا کوئی بھی فرد درخواست بھیج سکتا ہے۔

ایس ای سی پی کے جاری کردہ SRO 787(1)/2014 بتاریخ 8 ستمبر، 2014ء اور کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کے مطابق سالانہ رپورٹس اور سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی الیکٹرانک فارمیٹ میں بذریعہ ای میل ترسیل کی اجازت ہے۔

مذکورہ بالا کی تعمیل میں حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنی رضامندی ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروس لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، شاہراہ فیصل، کراچی کو جمع کرائیں۔

10- مالیاتی حسابات کی ویب سائیٹ پر دستیابی

ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن ایس آر او 1196(I)/2019 بتاریخ 03 اکتوبر 2019 کے مطابق کمپنی کے مالیاتی حسابات کمپنی کی ویب سائٹ www.tatapakistan.com پر آویزاں کردئے گئے ہیں۔